SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
**March 28, 2017**
***For immediate release***

ایس ای سی پی نے پچاس کروڑ روپے مالیت کا نیا مضاربہ جاری کرنے کی منظوری دے دی

اسلام آباد (28مارچ) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے ایمان مینجمنٹ پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنی کو اوررینٹ رینٹل مضاربہ کے نام سے پچاس کروڑ روپے مالیت کا نیا مضاربہ جاری کرنے کی منظوری دے دی ہے۔

ایس ای سی پی کی جانب سے اس ماہ کے دوران یہ دوسرا مضاربہ جاری کرنے منظوری ہے۔ اس سے پہلے حبیب میٹرو مضاربہ جاری کرنے کی منظوری دی گئی تھی۔ نئے مضاربہ متعارف ہونے سے اسلامی فنانشل مارکیٹ کی جانب سرمایہ کاری کے بڑھتے ہوئے رجحان کا اندازہ ہوتا ہے۔ اوررینٹ کے نام سے جاری ہونے والا یہ نیا مضاربہ کرایہ (رینٹل) کے شعبے میں لین دی کرے گا اور اپنے صارفین کو مختلف آلات، ان کے آپریشن اور مرمت و دیکھ بھال وغیرہ کی خدمات اجرا کے اصول پر فراہم کرے گا۔ کرایہ پر فراہم کرنے والے ان آلات میں پاور جنریشن کے آلات، کمرشل گاڑیاں، تعمیراتی مشینری وغیرہ شامل ہوں گے۔ اوررینٹ مضاربہ کا تمام تر لین دین شریعہ کے مطابق اور نفع و نقصان میں شراکت داری کے اصولوں پر ہو گا۔

اوررینٹ رینٹل مضاربہ کا مجوزہ اداشدہ سرمایہ پچاس کروڑ روپے ہو گا جن میں سے پینتس کروڑ روپے کے مضاربہ سرٹیفیکیٹ ایمان مینجمنٹ پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنی اور اس کمپنی ے سپانسرز کو فروخت کر دئے جائیں گے جبکہ بقایا پندرہ کروڑ روپے کے مضاربہ سرٹیفیکیٹ عوام کو فروخت کے لئے پیش کئے جائیں گے۔ مضاربہ کے یہ سرٹیفیکیٹ سٹاک ایکس چینج میں بھی لسٹ بھی کئے جائیں گے۔

اس سے پہلے، مضاربہ کمپنی اینڈ مجاربہ آرڈیننس 1980 کی دفعہ 10 کے مطابق مضاربہ کا مذہبی بورڈ ایک تصدیقی سرٹیفیکیٹ جاری کر چکا ہے کہ کمپنی کی جانب سے جمع کروائے جانے واے پرا سپیکٹس کے مطابق اس مضاربہ کا کاروبار شریعت کی اصولوں کے عین مطابق ہے۔
اوررینٹ رینٹل مضاربہ، اسلامی مالیاتی شعبے میں ایک اہم اضافہ ہے اور عوام کو اسلامی اصولوں کے مطابق سرمایہ کاری کرنے کے اہم مواقع فراہم کرے گا۔